© rasailojaraid.com


**شعورِ حیات** : محمد یوسف اصلاحی - ناشر: البدر پبلی کیشنز ' اردو بازار لاہور - صفحات: حصہ اول ۲۰۸ ' حصہ دوم ۲۲۴ - قیمت: حصہ اول ۷۲ روپے ' حصہ دوم ۸۰ روپے -

مولانا محمد یوسف اصلاحی کی تصانیف ان کے گہرے دینی شعور ' جذبہ ایمانی اور موثر داعیانہ اسلوب کی شاہد ہیں - زیر نظر کتاب ان کے تحریر کردہ (ماہنامہ "ذکریٰ" کے) اداریوں کا مجموعہ ہے ' کتاب کے حصہ اول میں ۲۸ اور حصہ دوم میں ۳۲ اداریے شامل ہیں - ان سب اداریوں میں ایک ہی مشترک مقصد کارفرما ہے ' اور وہ ہے افرادِ امت میں اسلامی شعور کی بیداری اور اسلامی زندگی کے محاسن کی تصریح و توضیح - کوئی شک نہیں کہ یہ تحریریں اس مقصد کے حوالے سے نہایت موثر اور نتیجہ خیز ہیں -

قرآن و سنت کا اصل خطاب فرد سے ہے اور اسی کی صلاح و فلاح اس کا بنیادی موضوع ہے - ہمہ گیر اسلامی انقلاب برپا کرنے کے لیے افراد کی اصلاح و تربیت بہت ضروری ہے اور اس کے لیے ان میں رضائے الٰہی اور آخرت کی کامیابی کی اہمیت کا شعور پیدا کرنا لازمی ہے - اسلامی فکر اور جذبہ ایمانی کی بنیاد پر ہی معیاری اسلامی زندگی کی عمارت تعمیر ہوتی ہے - "شعورِ حیات" میں مختلف اسالیب اور دلائل سے یہی بنیاد استوار کرنے کی سعی کی گئی ہے - مولانا محمد یوسف اصلاحی کا قلم محض ایک بلند پایہ ادیب ہی کا قلم نہیں ' ایک داعی اور مربی کا قلم بھی ہے ' اس لیے ان کی تحریر میں خلوص اور دردمندی کی وجہ سے گہری تاثیر بھی پائی جاتی ہے - قدرت نے انھیں حکمتِ تبلیغ سے بہرۂ وافر عطا کیا ہے اور وہ سادہ مگر دلچسپ اور موثر انداز سے بات کہنے کی قابلِ رشک صلاحیت سے مالا مال ہیں اور حسبِ موقع جذباتی اپیل ' عقلی استدلال ' آیات و احادیث اور واقعات و اشعار سے مدد لے کر اپنے مدعا کی وضاحت کرتے ہیں -

کتاب میں عام طور پر آیات و احادیث کے حوالے دیے گئے ہیں اور اعراب کا اہتمام بھی ہے لیکن متعدد مقامات پر اس کا خیال نہیں رکھا گیا - اسی طرح بعض مقامات پر آیات و احادیث کا متن نہیں دیا گیا صرف اردو ترجمے پر اکتفا کیا گیا ہے - اگر اس کمی کو دور کر لیا جاتا تو قارئین کو یقیناً زیادہ فائدہ پہنچتا - امید ہے کہ اس سلسلے کے آیندہ مجموعوں میں ان امور کو ملحوظ رکھا جائے گا - بہرحال کتاب کے دلچسپ ' مفید اور موثر ہونے میں کوئی کلام نہیں - (ڈاکٹر رحیم بخش شاہین)

**حقیقت ذکر اللہ جمیل** : خواجہ غفور احمد - ناشر: ۱۸۹ گلشن بلاک ' علامہ اقبال ٹاؤن ' لاہور -

© rasailojaraid.com